کے۔ الیکٹرک نے سسٹین ایبلٹی رپورٹ 2023 جاری کردی

کراچی، 14 نومبر، 2023: شفافیت، ذمہ دارانہ طرز عمل اور مستقبل میں بجلی کی مستحکم فراہمی یقینی بنانے کے لیے کے۔ الیکٹرک نے سسٹین ایبلٹی رپورٹ 2023 جاری کردی ہے۔ ‘‘Powering Possibilities’’کے عنوان سے جاری کردہ رپورٹ میں اہداف کے تعین اور اس پر عمل درآمد کے لیے ادارے کی جانب لئے گئے اقدامات کا ذکر کیا گیا ہے، جو کمپنی کے پائیدار مستقبل کی جانب پیش رفت کو یقینی بنائے گی۔

کے۔ الیکٹرک کے سی ای او مونس علوی نے کہا کہ پائیدار اہداف کے حصول میں توانائی کے شعبے کو مشکلات کا سامنا ہے۔ خاص طور پر موسمیاتی تبدیلی، قابل استطاعت توانائی اور توانائی کا تحفظ ایک اہم مسئلہ ہے۔ پائیدار اہداف کے حصول اور ان عناصر کے درمیان توازن قائم کرنا توانائی کے ماحولیاتی نظام کو موثر کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ جب ہم مسائل کا سامنا کرتے ہیں، تب بھی ہمارے صارفین، حصص یافتگان، ماحولیات، اور جن کمیونیٹیز میں ہم کام کرتے ہیں تو اُن کے مفادات کا تحفظ کرنا ہماری ذمہ داری ہوتی ہے۔ یہ رپورٹ ہماری پیشرفت، چیلنجز اور پائیدار مستقبل کے لیے ہمارے وژن پر روشنی ڈالتی ہے۔

رپورٹ میں کمپنی کے مالی سال 2023 کی آپریشنل کارکردگی پیش کی گئی ہے، جو یکم جولائی 2022 سے 30 جون 2023 کے عرصے پر اس میں اعداد و شمار اور qualitative insights دونوں شامل ہیں۔ گلوبل رپورٹنگ انیشی ایٹو (جی آر آئی) اسٹینڈرڈز کے حوالے سے رپورٹ میں اقوام متحدہ کے 17 میں سے 11 پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs) کے حصول کے لیے کمپنی کے عزم کا ذکر ہے۔ SDGs میں عام طور پر اچھی صحت اور فلاح و بہبود، معیاری تعلیم، صنفی مساوات، صاف پانی اور صفائی ستھرائی، صاف توانائی، اقتصادی ترقی، صنعت، جدت، انفرااسٹرکچر، عدم مساوات میں کمی، مستحکم شہر اور کمیونٹیز، وسائل کا ذمہ دارانہ استعمال اور موسمیاتی تبدیلی شامل ہیں۔

کے۔ الیکٹرک نے مالی سال 22 ء کے مقابلے میں مالی سال 23ء میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 23 فیصد کمی کی ہے۔ یہ کامیابی توانائی کے موثر پیداوار کی وجہ سے حاصل ہوئی۔ مستحکم شہروں اور کمیونٹیز کے مفاد میں کے۔ الیکٹرک نے ترقیاتی کاموں پر تقریباً 150 ملین روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔ ہرا قدم اور پیپر لیس بلنگ جیسے ماحول دوست اقدامات کے ذریعے کے۔ الیکٹرک نے 4,000 سے زائد درختوں، 94,000 کلو گرام کچرے اور 200 ملین لیٹر پانی کی بچت کی ہے۔

رواں سال کے۔ الیکٹرک نے اپنی اسکول سیفٹی مہم کے ذریعے کراچی کے 17 پُرخطر اور دوردراز علاقوں کے 57,000 بچوں تک رسائی حاصل کی۔ مزید برآں کے۔ الیکٹرک نے اپنے فلیگ شپ پروگرام ’’روشنی باجی‘‘ کے ذریعے حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی مہم جاری رکھی۔ مالی سال 2023 میں 50 روشنی باجیاں 200,000 گھروں تک پہنچیں، جب کہ مالی سال 21ء سے 23ء تک تین سال کے دوران مجموعی طور پر 660,000 سے زائد گھرانوں کو بجلی کے محفوظ استعمال کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ کے۔ الیکٹرک نے خواتین افرادی قوت کی تنخواہوں کے فرق کو 90 فیصد تک ختم کردیا ہے جبکہ مالی سال 24ء میں اس فرق کو 100 فیصد تک ختم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

مختصراً کے۔ الیکٹرک کی سسٹین ایبلٹی رپورٹ پائیداری کے حوالے سے ادارے کے عزم کی عکاس اور توانائی کے شعبے کے لیے اعلیٰ معیار قائم کرتی ہے۔ کمپنی کا ماننا ہے کہ پائیداری پر توجہ دینا نہ صرف ماحولیات کے لیے ضروری ہے بلکہ اسٹریٹجک کاروباری فیصلوں کے لیے بھی اہم ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپریشنز کو پائیدار طریقوں سے ہم آہنگ کرکے مجموعی کارکردگی کو بڑھایا جا سکتا ہے اور شراکت داروں کے اعتماد میں بھی اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے۔ 1913ء میں بنی کمپنی کی پاکستان میں شمولیت کے ای ایس ای کے نام سے ہوئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص (شیئرز) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں، اور کے ایس ای پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔